# فجر کی نماز کا وقت

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

فجر کی نماز کا وقت سورج نکلنے سے پہلے تک ہوتا ہے ؟ یا سورج نکلنے کے بعد بھی ظہر کی اذان سے پہلے تک باقی رہتا ہے ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نماز فجر کا وقت صبح صادق (فجر کا وقت شروع ہونے) سے لے کر سورج نکلنے تک ہوتا ہے، جیسے ہی سورج کی پہلی کرن طلوع ہوئی، فجر کا وقت ختم ہوگیا۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”وقت الفجر مالم تطلع الشمس“

ترجمہ: فجر کا وقت تب تک ہے جب تک سورج طلوع نہ ہو۔ (صحیح مسلم، جلد2، صفحہ104، حدیث612، مطبوعہ: ترکیا)

فتاوی عالمگیری میں ہے

”وقت الفجر من الصبح الصادق۔۔۔الی طلوع الشمس“

ترجمہ: فجر کی نماز کا وقت صبح صادق سے لے کر طلوعِ شمس تک ہے۔ (فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ51، مطبوعہ: بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے "**وقت فجر:** طلوعِ صبح صادق سے آفتاب کی کرن چمکنے تک ہے۔" (بہار شریعت، جلد1، حصہ3، صفحہ447، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا ذاکر حسین عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4292

**تاریخ اجراء:** 09ربیع الثانی1447ھ/03اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net